562

88:سورة الغاشیہ

ترتیبِ تلاوت	نام سورہ	مکی / مدنی	تعداد رکوع	آیات	پارہ شمار	نام پارہ
88	سُوْرَةُ الْغَاشِيَة	مکی	1	26	30	عَمَّ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۝۱ کیا آپ کو ہر چیز پر چھا جانے والی یعنی قیامت کی
خبر پہنچی ہے وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۝۲ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۝۳ اس دن کتنے ہی
چہروں پر ذلت طاری ہو گی، محنت و مشقت کی وجہ سے نڈھال ہوں گے اور تھکن ان
کے چہروں پر عیاں ہو گی [★] تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝۴ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝۵
انتہائی تیز آگ میں داخل ہوں گے جہاں انہیں گرم کھولتے ہوئے چشمے کا پانی پلایا
جائے گا بظاہر دنیا میں ساری زندگی محنت و مشقت میں گزاری لیکن وہ ساری محنت محض دنیا کی
خاطر کرتے رہے یا پھر دین کے لئے جو کچھ بھی کیا وہ اللہ اور اس کے رسول کے بتائے ہوئے
طریقہ کے مطابق نہ تھا اس لئے ان کی محنت اکارت گئی، ان کے اعمال قبول نہیں کیے جائیں گے
اور ان کا آخری ٹھکانہ جہنم ہو گا۔ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝۶ لَّا يُسْمِنُ
وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝۷ ان کے لئے کانٹے دار خشک زہریلی جھاڑیوں کے سوا کوئی
کھانا نہ ہو گا، جو نہ انہیں توانا کرے گا اور نہ ہی ان کی بھوک مٹائے گا وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ
نَّاعِمَةٌ ۝۸ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۝۹ اس کے برعکس اس دن بہت سے چہرے شگفتہ اور
ترو تازہ ہوں گے اور اپنے اعمال کی بدولت خوش و خرم ہوں گے فِيْ جَنَّةٍ
عَالِيَةٍ ۝۱۰ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ۝۱۱ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۝۱۲ عالی شان باغات میں

ہوں گے جہاں کوئی لغو اور بیہودہ بات نہ سنیں گے اور جہاں بہتا ہوا چشمہ ہو گا فِيْهَا
سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ﴿۱۳﴾ وَّ اَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ﴿۱۴﴾ اس میں اونچی مسندیں ہوں گی اور
قرینے سے رکھے ہوئے جام ہوں گے وَّ نَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ﴿۱۵﴾ وَّ زَرَابِيُّ
مَبْثُوْثَةٌ ﴿۱۶﴾ تکیے قطار در قطار رکھے ہوں گے اور مخملی فرش بچھے ہوں گے اَفَلَا
يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿۱۷﴾ تو کیا یہ لوگ اونٹوں کو نہیں دیکھتے کہ
انہیں کیسے عجیب طریقہ سے بنایا گیا ہے؟ اگر ان منکرین کو جنت کی ان سب باتوں کے
بارے میں شبہ ہے تو دنیا کی ان چیزوں پر غور کر لیں جنہیں اسی خالق نے بنایا ہے وَ اِلَى
السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿۱۸﴾ اور آسمان کی طرف دیکھ لیں کہ اسے کیسا بلند کیا گیا ہے
وَ اِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿۱۹﴾ اور پہاڑوں کی طرف کہ انہیں کیسے زمین میں
جمایا کیا گیا ہے وَ اِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿۲۰﴾ اور زمین کی طرف کہ اسے
کیسے ہموار بنایا گیا ہے فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾ سو اے نبی (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم)!
آپ نصیحت کرتے رہیں، بس آپ کی ذمہ داری تو انہیں نصیحت کرنا ہی ہے لَسْتَ
عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾ ہمارے احکام کی جبراً تعمیل کرانا آپ کی ذمہ داری نہیں ہے
اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَ كَفَرَ ﴿۲۳﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ﴿۲۴﴾ البتہ جو شخص
روگردانی اور انکار کرے گا تو اللہ اس کو آخرت میں بڑا سخت عذاب دے گا اِنَّ
اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿۲۶﴾ بالآخر ان سب کی واپسی ہماری
ہی طرف ہو گی، پھر ان کا حساب لینا ہمارے ذمہ ہے رکوع [1]

[# 562]

ترتیبِ تلاوت	نام سورہ	مکی / مدنی	تعداد رکوع	آیات	پارہ شمار	نام پارہ
88	سُوْرَةُ الْغَاشِيَة	مکی	1	26	30	عَمَّ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

In the Name of Allah, the Most Beneficent, the Most Merciful

هَلۡ اَتٰىكَ حَدِيۡثُ الۡغَاشِيَةِؕ ۝۱

Have you received [O Prophet!] the news of the overwhelming [event of resurrection]?

وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۙ ۝۲ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۙ ۝۳

On that day, [some] faces will be downcast, worn out due to hard work and toil, and exhaustion will be [evident] on their faces.

تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝۴ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝۵

They will enter a blazing Fire [of Hell], where they will be given to drink from a boiling spring.

Apparently, they spent their entire lives toiling and striving in this world, but all their efforts were solely for the sake of this world. And not according to the way prescribed by Allah and His Messenger. All their efforts will be in vain. Their deeds will not be accepted, and their final abode will be Hell.

لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝۶ لَّا يُسْمِنُ وَ لَا يُغْنِيْ
مِنْ جُوْعٍ ۝۷

For them, there will be nothing to eat except thorny, dry, poisonous bushes, which neither nourish them nor satisfy their hunger.

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ﴿٨﴾ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ﴿٩﴾

[On the contrary, on that day], many faces will be glowing with bliss, and they will be happy and cheerful because of their deeds.

فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿١٠﴾ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ﴿١١﴾ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ﴿١٢﴾

They will be in the lofty Gardens of [paradise], where they will not hear any idle or indecent talk, and there will be flowing springs.

فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ﴿١٣﴾ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ﴿١٤﴾

There will be lofty thrones, and cups set at hand.

وَّ نَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ﴿١٥﴾ وَّ زَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ﴿١٦﴾

There will be arranged rows of cushions, and luxurious carpets spread out.

اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿١٧﴾

So, do they not look at the camels, how they are created?

If those deniers have doubts about the realities of Paradise, let them reflect on the things created by the same Creator in this world.

وَ اِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿١٨﴾

[And let them look towards] the sky and see how it has been raised high.

وَ اِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿١٩﴾

And [let them look], towards the mountains, how they have been firmly set into the earth.

وَ اِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿٢٠﴾

And [let them look] towards the earth, how smoothly it has been spread.

فَذَكِّرْ ۗ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿٢١﴾

So, [O Prophet,] keep them reminding. Your responsibility is only to remind them.

لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَّيْطِرٍ ﴿٢٢﴾

You are not [there] to compel them [to believe].

اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَ كَفَرَ ﴿٢٣﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ
الْاَكْبَرَ ﴿٢٤﴾

However, whoever turns away and disbelieves, Allah will punish him with a severe punishment [in the Hereafter].

اِنَّ اِلَيْنَاۤ اِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿٢٦﴾
رکوع[1]

Ultimately, they will all return to Us, then indeed, upon Us [alone], shall be their reckoning.